© rasailojaraid.com



# تعارف کتب

☆ قرآنی عربی کا پہلو' پہلا' دوسرا' تیسرا قاعدہ۔ ناشر: ادارہ تعمیر انسانیت' کراچی۔ صفحات: ۷۱' ۱۱۴' ۱۳۰۔ قیمت: ۳۰ روپے' ۴۶ روپے' ۵۴ روپے۔[قرآنی عربی آسان اور فطری طریقے سے سکھانے کا قاعدہ تین حصوں میں۔ ان قاعدوں کا بیشتر ذخیرۂ الفاظ قرآن وحدیث سے اخذ کردہ ہے۔]

☆ گفتگو کا چراغ (اسلم انصاری' شخصیت اور فن۔ مصنف: جاوید اصغر' ناشر: فکشن ہاؤس' ۱۸- مزنگ روڈ' لاہور۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۱۲۵ روپے۔[ملتان سے تعلق رکھنے والے معروف شاعر' ادیب اور ناقد' پروفیسر ڈاکٹر اسلم انصاری کی شاعری اور اقبال شناسی کا تجزیہ وتبصرہ۔ ایم اے اُردو کا ایک امتحانی مقالہ۔ بقول خورشید رضوی: ''ہمارے دَور کی ایک اہم شخصیت کے علمی' ادبی اور فکری کمالات کو متعارف کرانے کے لیے یہ محنت قابلِ قدر'' ہے مگر سوانحی حالات کا حصہ مختصر اور تشنہ ہے۔]

☆ فقہ حضرت امام حسن بصریؒ' ڈاکٹر محمد رواس' قلعہ جی' (ترجمہ: مولانا عبدالقیوم)۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی' منصورہ' لاہور۔ صفحات: ۸۵۰۔ قیمت: ۴۰۰ روپے۔[فقہ انسائی کلوپیڈیا کے سلسلے کی نئی کتاب۔ قبل ازیں خلفاے راشدین' عبداللہ بن مسعودؓ، عبداللہ بن عمرؓ، عبداللہ بن عباسؓ کی کتب فقہ شائع ہوچکی ہیں۔ حسن بصری (م: ۱۱۰ ہجری) اپنے عہد کے ممتاز فقیہ' محدث اور مفسر تھے۔ لوگ ان کی محبت سے فیض یاب ہوتے اور زیارت سے روحانی آسودگی پاتے۔]

☆ The Zakat Law [قانونِ زکوٰۃ] خالد نذیر' ناشر: عمار پبلی کیشنز' اسلام آباد' فون: ۲۲۵۶۰۹۶۔ صفحات: ۲۶۱۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔[زکوٰۃ اور عشر کیا ہے؟ ۱۹۸۰ء کا زکوٰۃ وعشر آرڈی ننس' اس میں ہونے والی ترامیم۔ مسلم ممالک میں قوانینِ زکوٰۃ۔ نظامِ زکوٰۃ کی اصلاح و بہتری کے لیے تجاویز۔]

---

اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com